سرکلر نمبر/2025/IV&IC/------18---

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ ڈی آئی جی جیلخانہ جات ریجنز ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/2025/IV&IC/2013-42 مورخہ: 02-03-2025

عنوان: **رمضان المبارک کے دوران جیلوں کے تفصیلی دورے اور نگرانی کے احکامات۔**

رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں سکیورٹی، مینجمنٹ کے حوالے سے حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات کے مطابق تمام ریجنل ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے دوران اپنے متعلقہ ریجن کی جیلوں میں کم از کم دو دفعہ وزٹ کریں گے اور پورا دن جیل پر رہتے ہوئے درج ذیل امور کا باریک بینی سے جائزہ لیں گے۔

1. سحری کے کھانے کے لئے دیئے گئے راشن کے معیار / مقدار کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ کھانے کی تیاری کے عمل کی مکمل نگرانی کریں گے۔
2. اسیران میں سحری کی تقسیم کے عمل کی بغور نگرانی کریں گے۔
3. نائٹ سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔
4. لاک آؤٹ کے عمل کا بغور جائزہ لیں گے۔
5. افسران واہلکاران کی ڈیوٹی پر موجودگی، بائیو میٹرک حاضری اور گارد کی تبدیلی کے عمل کو چیک کریں گے۔
6. اسیران کو عدالت میں پیشی پر بھجوانے اور واپسی پر وصول کرنے کے عمل کا جائزہ لیں گے۔
7. تمام جیل بالخصوص کچن اسیران، جیل ہسپتال، غلہ گودام میں حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق صفائی ستھرائی کے نظام کو برقرار رکھنے کے عمل کا جائزہ لیں گے۔
8. غلہ گودام، جیل باغیچہ یا ٹھیکیداران سے کچن اسیران تک معیاری غذائی اشیاء کی فراہمی کا جائزہ لیں گے۔
9. اسیران کی ملاقات اور سامان جمع کرنے کے عمل میں شفافیت کا معائنہ کریں گے۔
10. اسیران کے PCO کالز کے عمل کو چیک کریں گے۔
11. دفتری امور کی انجام دہی کو چیک کریں گے۔
12. فیکٹری کے معاملات، ٹریننگ سینٹر اور یوٹیلیٹی سٹور کے امور کا بغور جائزہ لیں گے۔
13. افطار کے کھانے کی تیاری اور تقسیم کے عمل کی نگرانی کریں گے۔

14. اسیران کی رہائی کے عمل کو بروقت سرانجام دینے اور شفافیت کے عمل کو یقینی بنائے جانے کی بابت انتظامات کو چیک کریں گے۔

15. جیل کی اندرون اور بیرون سیکورٹی، ڈیوٹی بک (اتفاقیہ اور حقی چھٹی کا نظام) چیک کریں گے۔ آٹھ گھنٹے ڈیوٹی پر عملدرآمد، اہم ڈیوٹی پوائنٹ خالی ہونے کا جائزہ لیں گے اور معاملات درست کرنے کیلئے اقدامات لیں گے۔

16. جیل میں لاک اپ سسٹم کا بغور جائزہ لیں گے۔

17. تمام امور کو ذاتی طور پر چیک کر کے جیل چھوڑنے سے پہلے اپنی تفصیلی رپورٹ بمعہ تصاویر / ویڈیوز کلپس دفتر ہذا کو ارسال کریں۔

18. وزٹ پلان کی تفصیل کی بابت الگ سے تمام ڈی آئی جی صاحبان کو مطلع کر دیا جائے گا۔

درج بالا ہدایات پر من وعن عمل کو یقینی بنایا جائے۔

2/3/25

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/2025/IV&IC/ 2143-85 مورخہ: 02-03-2025

کاپی برائے اطلاع وضروری کارروائی:-

- جناب سیکرٹری داخلہ، گورنمنٹ آف پنجاب، ہوم ڈیپارٹمنٹ، پنجاب سول سیکریٹریٹ لاہور بحوالہ ٹیلی فونک ہدایات۔
- سپرنٹنڈنٹ جیلز ہائے پنجاب برائے ضروری اطلاع وکارروائی۔

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 19

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 2027-2018 مورخہ 02-03-2025

عنوان: - **ہدایات بابت ادائیگی آٹا گندم (ہول میل)**

بحوالہ بعنوان بالا

اس ضمن میں تحریر ہے کہ سہ ماہی ٹھیکہ بابت آٹا گندم (ہول میل) کی ای۔ فنانشل پروپوزل/ بڈ مورخہ 10.02.2025 کو Electrically Open ہوئی تھی اور آٹا گندم کا نرخ متعلقہ ٹھیکیداران نے رضاکارانہ طور پر 88.70 روپے آفر کیا جس کو مجاز اتھارٹی نے State کے بہتر مفاد میں منظور کر لیا ہے جس کی باضابطہ منظوری مورخہ 21.02.2025 کو جاری ہو چکی ہے۔

لہذا بذریعہ سرکلر ہذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مورخہ 10.02.2025 سے ٹھیکیداران کی طرف سے آپ کی جیل پر سپلائی کردہ آٹا گندم کی ادائیگی مبلغ 88.70 روپے فی کلوگرام کے حساب سے ہو گی۔

متذکرہ بالا ہدایات پر من وعن عمل درآمد کو یقینی بنائیں سرکلر ہذا کی وصولی کا سرٹیفکیٹ بھی دفتر ہذا کو فوری طور پر ارسال کریں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 35-2028 مورخہ 02-03-2025

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی جملہ ڈی۔ آئی۔ جی صاحبان پنجاب کو مرسل ہوئے۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہو

CamScanner

سرکلر نمبر/Esu/2025/ 20

# دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
## پنجاب، لاہور

بجانب: سپرنٹنڈنٹس جیلز ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 2/350-93 مورخہ لاہور 07-03-2025

عنوان: **ایکس پاکستان لیو/ رخصت اتفاقیہ دوران ماہ رمضان المبارک**

بحوالہ عنوان بالا۔

مجاز اتھارٹی کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹس جیلز ماہ رمضان المبارک میں بھی رخصت اتفاقیہ برائے منظوری دو تا تین یوم بمعہ اسٹیشن لیو بروز اتوار اور ایکس پاکستان لیو بھجوا رہے ہیں۔ جبکہ ماہ رمضان میں سپرنٹنڈنٹس جیلز کی کمانڈ/کنٹرول کی ذمہ داریاں درج ذیل ایڈیشنل کاموں کی وجہ سے عام روٹین سے بڑھ جاتی ہیں۔

1. اسیران کی سحری و افطاری منظور شدہ ہفتہ وار مینو کا کام بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے۔
2. اسیران کی ملاقاتیں عام روٹین سے تعداد بڑھ جاتی ہے۔
3. مخیر حضرات کے تعاون سے اسیران کے جرمانے وغیرہ جمع ہونے پر بھی رہائیوں زیادہ متوقع رہتی ہیں۔
4. اسیران کی رہائیوں کا سلسلہ بھی تیز ہو جاتا ہے۔
5. مخیر حضرات کے تعاون سے اسیران کی فلاح و بہبود کے کام بھی بڑھ جاتے ہیں۔
6. سینئر افسران سحری/افطاری چیک کرنے کے لیے جیل پر اچانک وزٹ کر رہے ہوتے ہیں۔

اندریں حالات بالا سپرنٹنڈنٹس کا اپنی جیلز پر کمانڈ اور کنٹرول کے لیے ہمہ وقت موجود رہنا ضروری ہے تاکہ اسیران کی سیکیورٹی کی نگرانی کے ساتھ ساتھ درج بالا امور بھی اپنی زیر نگرانی احسن طریقے سے سرانجام دے سکیں۔ لہذا مجاز اتھارٹی کی طرف سے حکم دیا گیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹس جیلز ماہ رمضان میں ایکس پاکستان لیو/ رخصت اتفاقیہ سے حتی الامکان اجتناب کریں اور بادجہ خاص مجبوری صرف ایک یوم رخصت بمعہ اسٹیشن لیو بروز اتوار برائے منظوری مجاز اتھارٹی کو بھجوائیں۔

مذکورہ بالا ہدایت پر من و عن عمل درآمد کیا جائے اور وصولی سے مطلع کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)
صدر دفتر جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تقسیمی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 2/394-401 مورخہ 07-03-2025

کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی:-

تمام ڈی آئی جی صاحبان ہائے پنجاب برائے ضروری عمل درآمد مرسل ہوئے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)
صدر دفتر جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 21

از دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/ شعبہ ٹھیکہ/2025/ 77-23134 مورخہ 14/3/25

عنوان: **ہدایات برائے کٹوتی جنرل سیلز ٹیکس**

مشاہدہ میں آیا ہے کہ (Contractors) ٹھیکیدار ان کے بل متعلقہ اکاؤنٹس آفس سے پاس کروائے جاتے ہیں اور بمطابق قوانین جنرل سیلز ٹیکس نہیں کاٹا جاتا جبکہ ٹھیکیداران بعد میں جنرل سیلز ٹیکس بذریعہ CPR / Return جمع نہیں کرواتے جس کی وجہ سے آڈٹ اعتراض بنتا ہے آڈیٹر جنرل پنجاب کی طرف سے آڈٹ ٹیمیں جب جیلوں کا آڈٹ کرتی ہیں تو وہ جنرل سیلز ٹیکس کی ریکوری کا آڈٹ پیرا بنا دیتی ہیں اور جب آڈٹ پیرے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی میٹنگوں میں زیر بحث لائے جاتے ہیں تو محکمہ ہذا کی بدنامی کا سبب بنتا ہے۔

لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ٹھیکیداران کے بل اکاؤنٹس آفس میں بھیجنے سے پہلے ان سے سپلائی شدہ اشیاء کے عوض جمع کروایا گیا جنرل سیلز ٹیکس کی ریٹرن جس میں متعلقہ انوائس کا نمبر اور ریفرنس ہو حاصل کی جائے بصورت دیگر بمطابق قوانین متعلقہ ٹھیکیدار کے بل سے Source @ جنرل سیلز ٹیکس کاٹ کر ٹھیکیداران کو مطلع کیا جائے تاکہ آڈٹ اعتراض سے بچا جا سکے۔ اگر مستقبل میں کسی بھی سپرنٹنڈنٹ جیل/DDO نے جنرل سیلز ٹیکس (جہاں سیلز ٹیکس کاٹنا درکار ہو) کاٹے بغیر کوئی بل اکاؤنٹس آفس سے منظور کروائے گا تو وہ ریکوری دینے کا خود پابند ہوگا۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے فوری مطلع کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تقسیمی نمبری/ شعبہ ٹھیکہ/2025/ 86-23178 مورخہ 14/3/25

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی صاحبان پنجاب کو ارسال کی جاتی ہے۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 22

از دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان اے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 23072-123 مورخہ 14/03/25

عنوان: **ہدایات برائے سپلائی انڈے بمطابق منظور شدہ وزن**

مجاز اتھارٹی اور ڈی۔ آئی۔ جی۔ ریجنز کے مختلف جیلوں کے سحری و افطاری کو چیک کرنے کے بعد مشاہدہ میں آیا ہے کہ ٹھیکیداران سے منظور شدہ وزن کے مطابق انڈوں کی سپلائی نہ لی جاتی ہے جو کہ ایک نامناسب عمل ہے اور ٹھیکیداران کو جان بوجھ کر فائدہ پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ صدر دفتر سے فی انڈا کا وزن 55 تا 60 گرام منظور ہوا ہے۔

اس سلسلہ میں آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنی جیلوں پر انڈوں کی سپلائی 56 تا 60 گرام فی انڈا سے کم نہ لی جائے۔ مزید یہ کہ مجاز اتھارٹی یا انسپکشن ٹیموں کے اچانک دوروں کے دوران اگر انڈوں کے وزن میں کمی پائی گئی تو براہ راست سٹور کیپر اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) ذمہ دار ہوں گے اور اس بابت سپرنٹنڈنٹ جیل سے بھی باز پرس کی جائے گی۔ انڈوں کی سپلائی اور وزن کی ویڈیو فوڈ مانیٹرنگ گروپ میں روزانہ کی بنیاد پر شیئر کی جائے گی۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے فوری مطلع کریں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 23124-133 مورخہ 14/3/25

کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی جملہ ڈی۔ آئی۔ جی صاحبان پنجاب کو ارسال کی جاتی ہے۔

کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی فوڈ مانیٹرنگ گروپ اس ہدایت کے ساتھ کہ آپ متذکرہ بالا ہدایات کی روشنی میں جیلوں سے آمدہ ویڈیوز کو مجاز اتھارٹی کو روزانہ کی بنیاد پر پیش کریں گے۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

CIRCULAR NO. 23/2025

OFFICE OF THE INSPECTOR GENERAL OF PRISONS
PUNJAB, LAHORE

To

The Deputy Inspector General of Prisons
all Regions in the Punjab.

The Superintendent
of all Jails in the Punjab.

Memo. No. Estt/ 25025-75
Dated Lahore, the 20-03-2025

Subject-:- **INSTRUCTIONS REGARDING IMPLEMENTATION ON TRANSFER / POSTING**

Please refer to the subject noted above.

The Government of the Punjab has imposed complete ban on all kinds of transfer / posting vide C.M directive No. PS/SCM/CMO/24/OT-47/ dated 01.03.2024. However, if transfer / posting of any officer / official is required to be made on extreme emergent / hardship grounds, administrative & compassionate grounds, prior approval is sought from Hon'ble Chief Minister Punjab through a summary.

Resultantly, transfer / posting orders of officers / officials of Punjab Prisons Department have been issued upon approval summary by Hon'ble Chief Minister Punjab. But it has been observed with grave concern by the Competent Authority that these transfer / posting orders of officers / officials are not being implemented in true spirit and transfree officers / officials keep working on their previous place of posting without any logical reasons. The said scenario clearly shows disobedience of orders of Competent Authority, which is totally not acceptable.

The Competent Authority has therefore, directed all such transfer / posting orders issued during the current incumbent Government, be implemented in letter & spirit and relieve all such transfree officers / officials forthwith without fail and submit certificate regarding relieving of all under transfer officers / officials to this office today positively.

D.I.G (Headquarters)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

سرکلر نمبر/اسٹیبلشمنٹ/2025/----24-------

ازدفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹ جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 15076-120 مورخہ: 20-03-2025

عنوان: **عارضی پابندی رخصت اتفاقیہ/حقی رخصت**

بحوالہ بعنوان بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ محکمہ جیل، خانہ جات میں ماہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ سے عید کی چھٹیوں تک تمام جیلوں پر اسیران کی ملاقاتیں/رہائیاں اور دیگر معروفیات معمول سے بہت زیادہ بڑھ جاتی ہیں۔ نیز جیلوں کی سکیورٹی بھی عام دنوں کی نسبت بڑھانا درکار ہوتی ہے۔

اندریں حالات مجاز اتھارٹی کی طرف سے ہدایت کی جاتی ہے کہ تمام آفیسران و ماتحت عملہ واچ اینڈ وارڈ سٹاف کو ماہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ سے لیکر عید تک ہر قسم کی رخصت حقی/اتفاقیہ منظوری پر پابندی عائد کی جاتی ہے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 15121-28 مورخہ: 20-03-2025

کاپی برائے اطلاع:۔

01. ڈی آئی جی ریجنز برائے کروائے جانے عملدرآمد مرسل ہوئے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

CamScanner

Circular No. 25/2025

Memo No.Ind/2025/ 22242-83

**OFFICE OF THE**
**INSPECTOR GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

Dated, Lahore the 20/3/25

To

The Superintendents,
of all Jails in the Punjab.

Subject: - **RATES OF JAIL MADE ARTICLES / INDUSTRIES ESTABLISHED THROUGH PUNJAB PRISONS FOUNDATION**

Please refer to the subject noted above.

Following jails made articles are being sent / supplied to your jails for sales and marketing. The rates for the sale of these articles are mentioned against each:-

| Sr. No. | Name of Jail | Description | Sale Price / Rate of each article |
|---|---|---|---|
| 1. | Central Jail, Rawalpindi | Phenyl (3 liter) | Rs.125/- per bottle |
| 2. | District Jail, Sheikhupura | SMD Celling Light 07 watt | Rs.162/- each |
| | | LED Light 13 watt | Rs.125/- each |
| | | LED Light 18 watt | Rs.225/- each |
| | | Frame Light 40 watt | Rs.231/- each |
| 3. | District Jail, Sargodha | LED Bulb 20 watt | Rs.225/- each |
| 4. | District Jail, Shahpur | LED Light 12 watt | Rs.125/- each |
| | | LED Light 18 watt | Rs.225/- each |
| | | LED Light 40 watt | Rs.231/- each |
| | | LED Light 50 watt | Rs.618/- each |
| | | LED Light 50 watt (Search Light) | Rs.618/- each |
| | | SMD Light 7 watt | Rs.162/- each |
| | | SMD Light 12 watt | Rs.187/- each |
| | | Moon Light 12 watt | Rs.212/- each |
| | | Moon Light 18 watt | Rs.362/- each |
| | | Moon Light 24 watt | Rs.562/- each |
| 5. | Central Jail, Multan | Washing powder 900 gm | Rs.184/- each |
| | | Washing powder 450 gm | Rs.95/- each |
| 6. | Central Jail, Gujranwala | Melamine plate 300 gm (without logo) | Rs.180/- each |
| | | Melamine plate 300 gm (with logo) | Rs.241/- each |
| | | Melamine plate 500 gm (without logo) | Rs.301/- each |
| | | Melamine plate 500 gm (with logo) | Rs.362/- each |
| 7. | District Jail, Shahpur | Beauty Soap | Rs.75/- each |

You are directed to ensure the sales of articles according to above mentioned rates after observing all codal formalities.

A.I.G (Industry)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore.

Endst. No.Ind/2025/ 22284-93 / Dated, Lahore the 20/3/25

Copy forwarded for information and necessary action to:-

1. The DIG Prisons of all Regions in the Punjab.
2. The Director, Punjab Prisons Foundation, Lahore.

A.I.G (Industry)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore.

CamScanner

Circular No. 26 /2025.

**INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

To

1. **All the Regional DIG Prisons in the Punjab.**
2. **All the Superintendent of Jails in the Punjab.**

Memo No. IV&IC/2025/ 27186-237
Dated, Lahore 25-03-2025

Subject: - **BEEFING UP SECURITY DURING EID-UL-FITAR, 2025.**

1. In view of the prevailing law & order situation of the country, there is dire need to beef up the security during Eid-ul-Fitar, 2025 to avoid any untoward situation. Strict vigilance and re-visit of existing SOPs to further strengthen jail security is the need of the hour. Following measures are to be ensured besides others to prevent some thwart any probable unpleasant situation.

i. Implementation of security SOPs must be observed during all activities in Eid Holidays.

ii. The friend / relatives of the prisoners may be allowed to deliver eatables and other approved articles to the prisoners according to the scheduled already conveyed to field formations for Eid-ul-Fitar holidays. The articles sent to the prisoners from the visitors must be properly searched and recorded alongwith nature and quantity and the particular of the visitors must be entered in the register with their CNIC to ensure their identity. The receipt of delivery must be obtained duly verified by the Head Warder or Chief Warder or Assistant Superintendent concerned and delivered to the visitors to avoid complaints.

iii. Relatives of inmates who come to deliver eatable should be thoroughly searched.

vi. An executive officer may be deputed to supervise the process of search of food items / eatables.

v. During Eid Holidays, heavy purchasing of the utility store articles is expected. Therefore, purchase of utility store articles on approved rates be ensured.

vi. All rules, regulations and instructions regarding security be strictly followed and no laxity be shown in this regard.

vii. During Eid Holidays, all Superintendent Jails will remain present in their offices.

viii. The jail should not be left unattended even after the office hours. One Deputy Superintendent Jail and two Assistant Superintendent be posted round the clock for duty and supervision. Security must be geared up to the optimum level.

ix. Leaves of all kind are banned to the executive staff and warder guard during Eid Holidays and be sanctioned only in case of sheer emergency.

x. The staff deputed on search duty may be increased and checking through search be ensured capitalizing both the human resource and technology.

xi. Special attention be paid for inside / outer security and extra guard be deployed during day and night from the spare staff of Mulaqat duty and Warrant Office.

xii. The warrants of convicted prisoners who are entitled for presidential remission on Eid- ul-Fitar in the light of instructions contained in previous years letters must be completed and kept ready for award of said remission.

2. Please ensure compliance and acknowledge receipt.

**DIG (Inspection)**
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

**فوری تعمیل/اشد ضروری**

سرکلر نمبر 27/2025

دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

Phone: 042-99200570, 99200582, 99200498
Fax: 042-37423152
E-mail: judicialbranch@gmail.com

بجانب: تمام سپرنٹنڈنٹ جیلز صاحبان جیل خانہ جات پنجاب۔

مراسلہ نمبر/JB/2025/27261-303 مورخہ 25-03-2025

**عنوان:۔ عیدالفطر 2025ء کے موقع پر جیلوں میں بند اسیران کی عزیز و اقارب سے ملاقات کے بارے میں ہدایات۔**

بحوالہ عنوان بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ عیدالفطر 2025ء پر عید اور ٹرو کے دنوں میں پنجاب کی جیلوں میں مقید قیدیان، حوالاتیان، خواتین اور نو عمر اسیران کی ان کے عزیز و اقارب سے خصوصی ملاقات اور PCO کال کے انتظامات کیے جائیں:

i) عید کے دنوں میں ملاقاتوں کے لیے سپیشل ڈیوٹیاں لگائی جائیں تاکہ اسیران کے عزیز و اقارب کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس دوران کسی قسم کے ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لیے سیکورٹی کے سخت انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔

ii) ان خصوصی انتظامات اور سٹاف کی ڈیوٹیوں کے حوالے سے تفصیلات Punjab Prisons واٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جائیں۔

iii) دوران ملاقات کسی قسم کی بدعنوانی کے امکانات کو مکمل طور پر ختم کیا جائے۔ سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور دیگر ڈیوٹی آفیسر ویٹنگ ایریا، انٹرویو ایریا کے مسلسل وزٹ کریں اور موقع پر شکایات کا ازالہ کریں۔

iv) عید کی تعطیلات کے دوران مقرر کردہ قوانین کے مطابق پی سی او ٹیلیفون کی سہولت صبح 08:00 سے لے کر شام 05:00 بجے تک میسر رہے گی۔

نوٹ: حکومت پنجاب/ہوم ڈیپارٹمنٹ/انسپکٹوریٹ/ریجنل آفس سے افسران عید اور ٹرو کے دن میں اچانک دورے کر کے انتظامات کو چیک کریں گے۔ لہٰذا جیلوں پر تمام آفیسران ہمہ وقت موجود اور چوکس رہیں۔

(میاں فاروق نذیر)
انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور

تظہیری نمبر/JB/2025/27304-12 مورخہ 25-03-2025

نقل برائے اطلاع و ضروری کاروائی:۔

1۔ جناب سیکریٹری صاحب (داخلہ) حکومت پنجاب، سول سیکریٹریٹ لاہور۔

2۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، ملتان، ساہیوال، سرگودھا، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان ریجنز حکومتی و ہیڈ آفس کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، اپنی متعلقہ جیلوں کے دورے کریں، اور تعمیل کی بابت رپورٹ انسپکٹوریٹ ہذا کو ارسال کریں۔

(میاں فاروق نذیر)
انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور

CamScanner
CamScanner